© rasailojaraid.com



اور صاف الفاظ میں کہا کہ آپ اپنی بات پر قائم رہیے میں علمائے دیوبند کو آپ کے خیالات سے اچھی طرح سے آگاہ کر دوں گا اور وہ لکڑی جو اُن کا سر پھوڑنے کے لیے میرے ہاتھ میں تھی اسے ٹکڑے ٹکڑے کر کے باہر پھینک دیا۔ اور ریلوے اسٹیشن روانہ ہوا وہاں پہنچ کر عالی جناب سر سید احمد خان کی جانب سے ایک آدمی نے آکر دیوبند کا ٹکٹ لے کر مجھے دیا اور میری جیب میں پانچ عدد اشرفیاں ڈال کر چل دیے اور کہا کہ یہ اشرفیاں دیوبند سے افغانستان جانے کا خرچہ ہے، میں جب دیوبند آیا تو علماء سے سارا واقعہ بیان کیا اور کہا کہ سر سید احمد خان تو علمائے دیوبند کی بڑی عزت کرتے ہیں اور آپ لوگوں کو ورثۃ الانبیاء کہتے ہیں۔ اس واقعہ کے بعد علمائے دیوبند کو علی گڈھ والوں سے جو نفرت تھی اس میں بہت فرق آگیا۔ پھر میں دیوبند سے پشاور آیا اور چارسدہ میں مقیم ہوں اور ضلع پشاور اور کوہاٹ اور بنوں میں، جو طلبا انگریزی تعلیم پا رہے ہیں ان کو علی گڈھ تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے بھیجتا ہوں جو طلبا میرا نام علی گڈھ میں سر سید احمد خان کے سامنے لیتے ہیں کہ اُن کے ذریعہ سے ہم تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے یہاں آئے ہیں تو ان کے ساتھ خاص رعایت کی جاتی تھی۔

## بُرہانؔ کے پُرانے پرچے درکار ہیں

دفتر کو مندرجہ ذیل شماروں کی فائل مکمل کرنے کے لئے ضرورت ہے۔ مرحمت فرماکر ممنون فرمائیں :۔

فروری ۶۱ء جولائی ۶۱ء اگست ۶۱ء مارچ ۶۴ء جون ۶۵ء جولائی ۶۶ء

نیز جو حضرات پرانے پرچے الگ کر دینا چاہتے ہوں اُن سے درخواست ہے کہ دفتر کو مطلع فرمادیں اور پرچوں کی جلد و شمارہ نمبر کا حوالہ بھی دیدیں، ضرورت کے پرچوں کے عوض ہم خریداروں کی مدت میں توسیع کر دیں گے، اعزازی اور تبادلے کے طور پر جن حضرات کی خدمت میں برہان پہونچتا ہے وہ حضرات اگر فائل تیار کر کے رکھنے کے عادی نہ ہوں تو ایسے حضرات سے ہم بجا طور پر توقع کریں گے کہ وہ ادارہ کی لائبریری کو موجود رسائل مفت پیش فرمادیں، ادارہ اُن کی پیش کش کو شکریہ کے ساتھ قبول کرے گا۔ ایجنٹ حضرات سے بھی ہم گذارش کریں گے کہ اگر وہ اپنے حلقۂ اشاعت میں جولائی ۱۹۶۶ء کے رسائل واپس حاصل کر کے مر؟ت فرمادیں تو ہم اُن کے عوض تازہ بُرھان مفت پیش کر دیں گے، مصارف واپسی ادارہ ادا کرے گا۔

نیازمند :۔ محمد ظفر احمد خاں مینجر بُرہان دہلی ۶



© rasailojaraid.com